This question paper contains 3 printed pages]

**Roll No.** | | | | | | | | | | | |

| | | |
|---|---|---|
| S. No. of Question Paper | : | **7050** |
| Unique Paper Code | : | **2142203602** |
| Name of the Paper | : | **Urdu Tanz-o-Mazah** |
| Name of the Course | : | **B.A. (P) (DSC 12)** |
| Semester | : | **VI** |

Duration : 3 **Hours** Maximum Marks : **90**

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)*

نوٹ : کل پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

''اس کے بعد واقعات ذرا بحث طلب ہیں اور ان کے متعلق روایات میں کس قدر اختلاف ہے۔ بہر حال اس بات کا تو مجھے یقین ہے اور میں قسم بھی کھا سکتا ہوں کہ آنکھیں میں نے کھول دی تھیں، پھر یہ بھی یاد ہے کہ اٹھنے سے پیشتر دیباچے کے طور پر ایک آدھ کروٹ بھی لی، پھر کا پتہ نہیں، شاید لحاف اوپر سے اٹھا دیا۔ شاید سراسیمی میں لپیٹ لیا، شاہد کھانسا کہ خدا جانے خراٹا لیا وغیرہ۔ یہ یقینی امر ہے کہ دس بجے ہم بالکل جاگ رہے تھے، لیکن لالہ جی کے جگانے کے بعد اور دس بجے سے پیشتر خدا جانے ہم پڑھ رہے تھے یا سور ہے

P.T.O.

تھے۔ نہیں ہمارا خیال ہے ہم پڑھ رہے تھے، یا شاید سو رہے تھے۔ بہر صورت یہ نفسیات کا معاملہ ہے جس میں آپ ماہر ہیں نہ میں، کیا پتہ ؟ لالہ جی نے جگایا ہی دس بجے ہو یا اس دن چھ ہی دیر سے بجے ہوں ؟ خدا کے کاموں میں آپ کیا دخل دے سکتے ہیں۔ لیکن ہمارے دل میں پھر یہ شبہ رہا کہ قصور کچھ اپنا ہی معلوم ہوتا ہے۔''

(ب)

غیر ممکن ہے مجھے انس مسلمانوں سے
بوئے خوں آتی ہے اس قوم کے افسانوں سے
لن ترانی کی یہ لیتے ہیں نمازی بن کر
حملے سرحد پہ کیا کرتے ہیں غازی بن کر
کوئی بنتا ہے جو مہدی تو بگڑ جاتے ہیں
آگ میں کودتے ہیں توپ سے لڑ جاتے ہیں
گل کھلائے کوئی میداں میں تو اترا جائیں
پائیں سامان اقامت تو قیامت ڈھائیں
مطمئن ہو کوئی کیونکر کہ یہ ہیں نام نہاد
ہے ہنوز ان کی رگوں میں اثر حکم جہاد

۲۔ اردو نثر میں طنز و مزاح کے آغاز و ارتقاء پر سیر حاصل گفتگو کیجئے۔

۳۔ طنز و مزاح کی تعریف بیان کیجئے۔

۴۔ 'اردو شاعری میں طنز و مزاح کی روایت' کے عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔

۵۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری کے عنوان سے ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

۶۔ رشید احمد صدیقی کے فن پر روشنی ڈالئے۔

۷۔ مضمون 'چارپائی' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

۸۔ مشتاق احمد یوسفی کے فکر و فن کا جائزہ لیجئے۔

۹۔ مضمون 'سیزر ماتا ہری اور مرزا' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۱۰۔ اکبر الہٰ آبادی کے قطعے ''برق کلیسا'' کا تنقیدی محاکمہ پیش کیجئے۔